I-SAPS Institute of Social and Policy Sciences

Informing Policies, Reforming Practices

Alif Ailaan الف اعلان

# تعلیمی اصلاحات: صوبائی حلقوں کی تعلیمی درجہ بندی کا جائزہ

## عمائدینِ ضلع کے نیٹ ورک کا اجلاس
## ضلع کوئٹہ

# صوبائی حلقوں کی تعلیمی درجہ بندی کا جائزہ
# عمائدینِ ضلع کے نیٹ ورک کا اجلاس
# ضلع کوئٹہ

## پس منظر:

جیسا کہ ہمارے علم میں ہے کہ پاکستان میں شعبۂ تعلیم کو بے بہا مسائل کا سامنا ہے اور ہمارا ملک اس حوالے سے ترقی کی وہ منازل طے نہیں کر سکا جو کہ 1947 سے لے کر اب تک کرنی چاہیں تھیں۔اس مسئلے کی طرف نظر دوڑائیں تو بہت سی وجوہات سامنے آتی ہیں۔اہم وجوہات میں شعبۂ تعلیم کو مختص کردہ وسائل میں کمی کے ساتھ ساتھ فراہم کردہ وسائل کے موئثر استعمال کا فقدان اور علمی و تحقیقی اداروں کا ریاستی اداروں، سیاسی جماعتوں اور راہنماؤں سے گہرا ربطہ نہ ہونا ہے۔ شعبۂ تعلیم کو درپیش مسائل اور سیاسی عمل میں آج تک ایک موئثر تعلق قائم نہیں ہو سکا۔ ہم بطور ادارہ یہ خیال کرتے ہیں کہ عوامی نمائندوں کو شعبۂ تعلیم کے مسائل سے آگاہ کرنا اور ان مسائل کے حل کے عمل میں شامل کرنا از حد ضروری ہے۔

اسی پس منظر میں I-SAPS جو کہ ایک قومی تحقیقی ادارہ ہے نے الف اعلان (Alif Ailaan) کے اشتراک سے ضلع کوئٹہ میں تعلیمی صورتحال پر ایک تحقیقی کاوش کا آغاز کیا ہے۔ جس کا مقصد شعبۂ تعلیم کے تکنیکی اور سیاسی پہلوؤں کو ہم آہنگ کرنا ہے۔تاکہ ہمارے سیاسی اکابرین اپنی اس اہم ترین ذمہ داری سے کماحقہٗ عہدہ برآہو سکیں جو آئین پاکستان کی رو سے ان پر عائد ہوتی ہے اور جس کے بغیر ملک و قوم کی تیز رفتار ترقی و اصلاح ممکن نہیں۔ ہم بطور ادارہ خیال کرتے ہیں کہ اگر سیاسی قیادت، ضلعی متعلقین اور ماہرین تعلیم کے درمیان ایک مضبوط تعاون پیدا ہو جائے تو ملک میں تعلیمی اصلاحات کا نفاذ ممکن ہو سکتا ہے۔چونکہ سیاسی قیادت اور سیاسی جماعتیں نہ صرف تعلیمی پالیسی کے ذمہ دار ہیں بلکہ اس پالیسی کو کامیابی کے ساتھ لاگو کرنے میں بھی ان کا اہم کردار ہے اس لئے ضروری ہے کہ ان کی شراکت معنی خیز اور مثبت نتائج کی حامل ہو۔مزید برآں عوامی نمائندوں کی حمایت اور دلچسپی کے بغیر کسی بھی صوبائی حلقہ میں تمام بچوں کی تعلیم تک رسائی اور معیارِ تعلیم کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا اس تناظر میں یہ ضروری ہے کہ صوبائی حلقہ جات کی تعلیمی صورتحال کے بارے میں عوام اور عوامی نمائندگان بہتر طور پر آگاہ ہوں-

اس مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے I-SAPS نے تعلیمی اعداد و شمار کا صوبائی حلقہ جاتی رینکنگ کارڈ تیار کیا ہے جو کہ ضلع میں موجود تمام صوبائی حلقہ جات کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی کو ظاہر کرتا ہے۔اس صوبائی حلقہ جاتی رینکنگ کو عمائدینِ ضلع کے نیٹ ورک کے اجلاس میں پیش کیا جا رہا ہے تاکہ عوامی نمائندے اور عمائدینِ ضلع تعلیمی صورتحال سے بہتر طور پر آگاہ ہو سکیں۔

**مقاصد:**

اس اجلاس کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:

1. تعلیمی درجہ بندی کے طریقہ کار کا جائزہ
2. صوبائی حلقہ جاتی تعلیمی درجہ بندی کا جائزہ
3. سیاسی جماعتوں اور عمائدینِ ضلع کا تعلیم کے بارے میں مجوزہ حکمت عملی پر تبادلہ خیال

**شرکاء:**

اس اجلاس کے شرکاء میں سیاسی جماعتوں کے اہم راہنماؤں کے ساتھ ساتھ، مقامی عمائدین، قومی میڈیا کے نمائندے، معروف تجزیہ نگار و کالم نویس اور ماہرینِ تعلیم کے چیدہ چیدہ نمائندے شرکت کریں گے۔